# پیس (پاکستان) لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پیس (پاکستان) لمیٹڈ (''کمپنی'' یا ''پیس'') کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام بروز پیر مؤرخہ 10 فروری 2025ء بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ-III لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور:**

1. سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 اکتوبر 2024ء کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

**خصوصی امور:**

2. کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو بمعہ علاوہ ترمیم زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا:

**''قرار پایا کہ:**

- اس نوٹس کے ساتھ منسلک مادی حقائق کے اعلامیہ میں بیان کردہ ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم کی شق شامل کرنے کے لئے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے۔
- اس بابت تمام تر تقاضوں کی تعمیل کے لئے چیف ایگزیکٹو، چیف فائننشیل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو علیحدہ یا مشترکہ طور پر یہاں باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔
- یہ کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مذکورہ بالا ترمیم حسب ضرورت درکار ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف سے مشروط ہے اور اس ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کے لئے اراکین کی دوبارہ منظوری درکار نہیں ہوگی۔

3. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 83A اور کمپنیز (حصص کا مزید اجراء) ضوابط 2020ء کے تحت ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (ESOS) کے قیام کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس اسکیم تحت تفویض شدہ آپشن کے ذریعے اہلیت کے حامل ملازمین بشمول ڈائریکٹرز اور آفیسرز کی گراں قدر خدمات کا اعتراف کرنے اور انہیں نوازنے کی خاطر کمپنی کے حصص حاصل کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لئے یہ اسکیم تیار کی گئی ہے۔

**''قرار پایا کہ:**

i) بطور ضمیمہ منسلک ESOS کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے؛

ii) اہلیت کا پول ایک سال میں کمپنی کے اضافی اداشدہ سرمایہ کے 10% تک اور بعد ازاں کسی بھی وقت کمپنی کے اضافہ اداشدہ سرمایہ کے 25% تک محدود ہے؛

iii) ملازمین نشاندہی کے لئے ایک سال کے اندر آپشنز تفویض کرتے وقت کمپنی کے جاری واداشدہ سرمایہ کے ایک فی صد (1%) سے زائد یا مساوی آپشنز کی تفویض کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے؛

iv) ذیلی کمپنی یعنی پیس بار کہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے ملازمین کے لئے آپشنز کی تفویض منظور کی جاتی ہے؛

v) اس بابت تمام تر تقاضوں کی تعمیل کے لئے چیف ایگزیکٹو، چیف فائننشیل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو علیحدہ یا مشترکہ طور پر یہاں باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق پر مبنی اعلامیہ لف ہذا ہے۔

**بحکم بورڈ**

**سجاد احمد**

کمپنی سیکریٹری

لاہور:

17 جنوری، 2025ء

**مندرجات:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر books مؤرخہ 2 فروری 2025ء تا 10 فروری 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ یکم فروری 2025ء کو کاروبار بند ہونے تک ہمارے شیئر رجسٹرار/ٹرانسفر ایجنٹ کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے آفس میں موصول ٹرانسفرز کو مذکورہ بالا مقصد کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔
2. شرکت اور ووٹ کرنے کا/کی اہل رکن اپنی جگہ شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔

3. CDC شیئرز کے انفرادی مستفید ہونے والا/ والی مالک/ مالکہ اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصلی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شراکت آئی ڈی ہمراہ لائے گا/ گی۔ CDC کے کاروباری رکن کا نمائندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا مختار نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط منجانب نامزد فرد لازماً ہمراہ لائے گا۔

4. **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت کے لئے شیئر ہولڈرز، جن کے نام 02 فروری 2025ء تک کمپنی کی books میں موجود ہیں، سے التماس ہے کہ وہ 07 فروری 2025ء کو شام 05:00 بجے تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور (042) 35839182** کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کر کے اپنے اندراج کو یقینی بنائیں:

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر | **ای میل آئی ڈی | **موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | پیس (پاکستان) لمیٹڈ | | | | |

** شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنا کارآمد ای میل ایڈریس اور موبائل فون نمبر فراہم کریں۔

اجلاس کے وقت تیس منٹ قبل لاگ ان سہولت کھل جائے گی تاکہ شناختی عمل سے گزرنے کے بعد شرکاء اجلاس میں شرکت کر سکیں۔ اپنی شناخت اور توثیق کے لئے درکار تمام تر تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد شیئر ہولڈرز اپنے ڈیوائسز کے ذریعے لاگ ان کر کے EOGM کی کارروائی میں شرکت کر سکیں گے۔

a) شیئر ہولڈرز EOGM کے ایجنڈا آئیٹمز پر مبنی آراء اور تجاویز 07 فروری 2025ء کو شام 05:00 بجے تک مذکورہ بالا پتہ یا وٹس ایپ نمبر 0302-8440935؛0303-4444800 پر بھیج سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے شیئر ہولڈرز لازماً اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر فراہم کریں گے۔

b) EOGM میں اپنی حاضری اور شرکت کو یقینی بنانے کے لئے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ پراکسی اجلاس میں شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

5. **ای ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشنز 143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ضوابط 2018ء کی مروجہ شقوں کے تقاضے پورا کرنے سے مشروط اراکین بذریعہ پول/ پوسٹل بیلٹ اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔ اراکین کی سہولت کے لئے، بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائیٹ https://pacepakistan.com/ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

**ای-ووٹنگ کا طریقہ کار**

a) ان اراکین کے ساتھ بذریعہ ای میل ای-ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کا تبادلہ کیا جائے گا جن کے کارآمد شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی اراکین کے رجسٹر میں 03 فروری 2025ء تک دستیاب ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ سے متعلق اراکین کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائے گا۔ **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ** کے ویب پورٹل سے اراکین کو بذریعہ SMS سکیورٹی کوڈ بھیجا جائے گا۔

c) بذریعہ ای-ووٹنگ ووٹ کاسٹ کرنے کے خواہشمند اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ ان توثیق کے ذریعے ثابت کی جائے گی۔

d) اراکین 06 فروری 2025ء کو صبح 09:00 بجے سے 09 فروری 2025ء تک کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکیں گے۔ ووٹنگ لائنز 09 فروری 2025ء کو شام 05:00 بجے بند ہو جائیں گے۔ جب ایک رکن قرارداد پر اپنا ووٹ کاسٹ کر لیتا ہے تو بعد ازاں انہیں اپنی رائے تبدیل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

**بذریعہ پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار**

اراکین یقینی بنائیں گے کہ پولنگ کے دن کام کے اوقات کار کے دوران باقاعدہ مکمل اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ نقل شناختی کارڈ (CNIC) اجلاس کے چیئرمین کے نام کمپنی کے پتہ فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور پر بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ای میل sajjadahmad@pacepakistan.com پر پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر کے دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔

6. **فزیکل شیئرز کی Book-Entry فارم میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے تحت ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایکٹ کی تاریخ نفاذ یعنی 30 مئی 2017ء سے عرصہ چار برس کے اندر

اپنے فزیکل شیئرز کو اس انداز میں book-entry فارم میں تبدیل کرائیں جیسا کہ کمیشن نے مقرر کیا ہے یا وقتاً فوقتاً اطلاع دی ہے۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی بروکر یا انویسٹرا کاؤنٹ میں CDC ذیلی اکاؤنٹ کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو غیر کاغذی صورت میں رکھ سکیں۔

**7. پتہ میں تبدیلی**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے اراکین سے التماس ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوراً ہمارے شیئر رجسٹرار **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور** کو اطلاع دیں۔

2. CDC اکاؤنٹ میں شیئر رکھنے کی صورت میں پتہ میں تبدیلی کی اطلاع براہ راست بروکر/شراکت/CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو دی جائے۔

**8. شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانا**

1. فزیکل شیئر ہولڈنگ کے مالک انفرادی اراکین، جنہوں نے اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی نقل تا حال جمع نہیں کرائی ہے، سے التماس ہے کہ وہ فی الفور ہمارے شیئر رجسٹرار کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور کو کارآمد شناختی کارڈ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل جمع کرائیں۔

2. CDC اکاؤنٹ میں حصص کی صورت میں، CNIC اپ ڈیٹ کرنے کی درخواست براہ راست بروکر/شراکت/CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کو جمع کرائی جائے۔

**9. پراکسی**

1. پراکسی کی تقرری کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے ماتحت یہ سائن کیا گیا ہے یا مختار نامہ کی مصدقہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-B-96، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرائی جائے۔

2. پراکسیز کی تقرری کے لئے شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

a. فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے افراد یا اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسے افراد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات CDC ضوابط کے تحت شائع کی گئی ہوں اپنی حیثیت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

b. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

c. مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نوٹرائزڈ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں۔

d. کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نمونہ کے دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرایا جائے (اگر پہلے جمع نہیں کرایا گیا ہے)

# کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

## ضمیمہ-A

یہ بیان 10 فروری 2025ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں زیر غور لائے جانے والے خصوصی امور کی بابت مادی حقائق بیان کرتا ہے۔

کمپنی کے موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو کمپنیز ایکٹ 2017ء میں ترامیم (جس نے کمپنیز ایکٹ 1984ء کو منسوخ کر دیا ہے) کے عین مطابق ڈھالنے، کمپنی کے کاروباری نظم و ضبط کو مربوط اور بہتر بنانے، اسٹیک ہولڈرز کے فرائض، حقوق اور ذمہ داریوں میں وضاحت اور حالیہ چند غلطیوں اور عدم مطابقت کو درست کرنے کے لئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ 14 جنوری 2025ء میں کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق نمبر 21 کے بعد مندرجہ ذیل شق کے اضافے کی سفارش کی ہے۔

**ایجنڈا نمبر 2: آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم**

ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم پیش کرنے کی بابت کمپنی کو مجاز ٹھہرانے کے لئے مندرجہ ذیل شق 21A آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 21 کے بعد شامل کی جائے گی

21A۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 83A اور کمپنیز (حصص کا مزید اجراء) ضوابط، 2020ء کے تحت کمپنی شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد کی منظوری سے مشروط ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (''ESOS'' یا ''اسکیم'') متعارف کرانے کی مجاز ہے۔ ESOS کے تحت بورڈ اہلیت کے حامل ملازمین بشمول کمپنی ڈائریکٹرز اور آفیسرز کو طے شدہ مدت، ایکسرسائز پرائس اور بورڈ کی منظور شدہ دیگر شرائط اور مروجہ قوانین وضوابط کے عین مطابق حصص حاصل کرنے کا اختیار سونپتا ہے۔ ESOS کا مقصد کمپنی کی طویل مدتی کارکردگی کے ساتھ اپنے مفادات کی مطابقت کے ذریعے ملازمین کو مائل، برقرار اور متحرک کرنا ہے۔ بورڈ یقینی بنائے گا کہ تمام ضروری انکشافات شیئر ہولڈرز کے سامنے کئے جائیں اور یہ کہ ESOS پر منصفانہ اور شفاف انداز میں عمل ہو۔

**ایجنڈا نمبر 3: ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (ESOS)**

بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 14 جنوری 2025ء میں کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 83A اور کمپنیز (مزید اجراء حصص) ضوابط، 2020ء کے تحت شیئر ہولڈرز کی جانب سے خصوصی قرارداد کی منظوری سے مشروط ایک ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (''ESOS'' یا ''اسکیم'') متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ESOS کے تحت، بورڈ اسکیم کے انتظام اور نگرانی کے لئے ایک Compensation کمیٹی قائم کرے گا اور Compensation کمیٹی کا چیئرمین ایک خود مختار ڈائریکٹر ہوگا۔ بورڈ اہلیت کے حامل ملازمین بشمول کمپنی اور ذیلی کمپنی پیس بار کہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز اور آفیسرز کو طے شدہ مدت، ایکسرسائز پرائس اور بورڈ کی منظوری سے Compensation کمیٹی کی مجوزہ دیگر شرائط اور مروجہ قوانین وضوابط کے عین مطابق حصص حاصل کرنے کا اختیار عنایت کر سکتا ہے۔ ESOS کا مقصد کمپنی کی طویل مدتی کارکردگی کے ساتھ اپنے مفادات کی مطابقت کے ذریعے ملازمین کو مائل، برقرار اور متحرک کرنا ہے۔ بورڈ یقینی بنائے گا کہ تمام ضروری انکشافات شیئر ہولڈرز کے سامنے کئے جائیں اور یہ کہ ESOS پر منصفانہ اور شفاف انداز میں عمل ہو۔

اسکیم کے تحت، اہلیت کے حامل ملازمین کو سونپے گئے اختیار کو نقد میں تبدیل کرنے کی اجازت ہوگی تاکہ وہ حصص خرید سکیں گے اور طویل مدتی نمو کو مستحکم کریں اور اپنے مفادات کی کمپنی مفادات کے ساتھ مطابقت قائم کریں۔ اسکیم کا مقصد ایسے ملازمین کو مراعات دینا ہے جنہوں نے کمپنی کے ساتھ دیانت داری اور جذبے کے ساتھ کام کیا ہے۔ بورڈ نے مقررہ ملازمین کے لئے ایک سال کے اندر آپشنز تفویض کرتے وقت کمپنی کے جاری واداشدہ سرمایہ کے ایک فی صد (1%) سے زائد یا مساوی آپشنز کی تفویض کو منظور کیا ہے۔ آپشنز کی یہ تفویض ذیلی کمپنی کے ملازمین کو بھی کی جاتی ہے جو شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط ہے۔ اہلیت کے حامل ملازمین کو آپشنز کی تفویض کے وقت Compensation Committee اس پر غور کرے گی۔ مکمل اسکیم نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے:

**ضوابط کے ضابطہ (iv)(1)7 کے تحت اظہار**

| | |
|---|---|
| (a) رائٹ آفر کے بغیر حصص کے اجراء کے لئے بورڈ کی پیشکش شیئر ہولڈرز اور کمیشن کی منظوری سے مشروط ہے۔ | سیکشن 83-A کے تحت، بورڈ اور شیئر ہولڈرز اسکیم کی منظوری دیں گے جس کے لئے کمیشن کی منظوری درکار نہیں ہے۔ |
| (b) تعداد حصص اور اداشدہ سرمایہ کی اوسط کے لحاظ سے اجراء سے قبل اور مابعد اجراء کا حجم | <u>سالانہ حد کے ساتھ:</u><br>موجودہ اداشدہ سرمایہ 278,876,604 حصص بشرح 10.00 روپے فی حصص پر مشتمل ہے۔<br>10% اضافی اداشدہ سرمایہ کے 10% کی سالانہ حد 30,986,289 حصص ہوگی۔<br>اجراء کے بعد اداشدہ سرمایہ 309,862,893 حصص ہوگا۔ |

<table>
<tr><td></td><td><u>دیگر دورانیہ میں حد کے ساتھ</u><br>موجودہ اداشدہ سرمایہ 278,876,604 حصص بشرح 10.00 روپے<br>اضافی اداشدہ سرمایہ کا 25%: 92,958,868 حصص<br>اداشدہ سرمایہ کے اجراء کے بعد 371,835,472 حصص</td></tr>
<tr><td>(c) فی حصص قیمت اجرا اور اس کا جواز</td><td>چونکہ کمپنی حصص کی موجودہ مارکیٹ پرائس مقررہ قیمت سے کم ہے لہٰذا مجوزہ قیمت 9 روپے ہوگی اور بعد ازاں اگر مارکیٹ پرائس مقررہ قیمت سے بڑھ جاتی ہے تو اسکیم کے پیراگراف 11 کے تحت قیمت میں ردوبدل کیا جائے گا۔ بشرطیکہ کسی بھی حال میں ایکسرسائز پرائس مقررہ قیمت کے نوے (90%) فی صد سے کم نہیں ہوگی۔</td></tr>
<tr><td>(d) حصص کے مجوزہ اجراء کا طریقہ یعنی بمعہ/ علاوہ کیش</td><td>اسکیم کے تحت ملازمین کو کیش کے مقابلے میں آپشنز کی قیمت کا تعین کرنے کا اختیار ہوگا:</td></tr>
<tr><td>(e) افراد کے نام، ان کا جامع پروفائل، کمپنی میں موجودہ شیئر ہولڈنگ، اگر کوئی ہے، جس کے نام پر حصص کا اجراء مقصود ہے۔</td><td><table>
<tr><th>نام اور عہدہ</th><th>موجودہ حصص</th><th>مجوزہ اجرا (حصص)</th></tr>
<tr><td>آمنہ تاثیر، CEO</td><td>587</td><td>4,829,676</td></tr>
<tr><td>شہریار علی تاثیر<br>ایگزیکٹو ڈائریکٹر</td><td>28,000</td><td>12,373,869</td></tr>
<tr><td>شہباز علی تاثیر<br>ایگزیکٹو ڈائریکٹر</td><td>987</td><td>4,415,685</td></tr>
<tr><td>عمران حفیظ، GDF</td><td>30,000</td><td>8,283,109</td></tr>
<tr><td>وحید اصغر، CFO</td><td>صفر</td><td>2,372,548</td></tr>
<tr><td>سجاد احمد، کمپنی سیکریٹری</td><td>صفر</td><td>443,218</td></tr>
<tr><td>شہزاد جواہر<br>چیف کمپلائنس آفیسر</td><td>صفر</td><td>1,172,116</td></tr>
</table></td></tr>
<tr><td>(f) اجراء کا مقصد</td><td>ایمپلائز اسٹاک آپشن سکیم میں حصہ لینے کے ملازمین کو مراعات دینا اور کمپنی کی ملکیت سے مستفید ہونے کا موقع دینا</td></tr>
</table>

**ڈائریکٹرز کا مفاد**

بطور کمپنی ڈائریکٹر/ چیف ایگزیکٹو/شیئر ہولڈرز اپنی استعداد اور شیئر ہولڈنگ کے علاوہ کمپنی کے ڈائریکٹرز یا چیف ایگزیکٹو یا ان کے رشتہ داروں کا مجوزہ قراردادوں میں کوئی مفاد نہیں۔

**متعلقہ دستاویزات کی دستیابی**

شناختی مقاصد کے لئے مجوزہ تبدیلیوں پر مشتمل موجودہ اور ترمیمی آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک ایک نقل بمعہ دستخط کمپنی سیکریٹری اور مجوزہ خصوصی قرارداد پر مشتمل دستاویزات جائزہ کے لئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کام کے دنوں میں صبح 09:00 بجے سے شام 06:00 بجے اور غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ انعقاد سے قبل کام کے آخری دن تک دستیاب ہوں گی۔ غیر معمولی اجلاس عام کے دوران بھی جائزہ کے لئے یہ دستاویزات اراکین کو دستیاب ہوں گی۔

**بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اعلامیہ**

''ہم بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین یہاں باضابطہ توثیق کرتے ہیں کہ مجوزہ قراردادیں مروجہ قوانین اور ریگولیٹر فریم ورک کے عین مطابق ہیں۔''

مذکورہ بالا مقصد کے لئے درکار قرارداد کا غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس میں ذکر کیا گیا ہے اور یہ کہ قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد تجویز و منظور کیا جائے گا۔

# پیس (پاکستان) لمیٹڈ

## بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ ڈاک

خصوصی قرارداد کے لئے بروز پیر، 10 فروری 2025ءکو دن 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 1-B-96، ایم ایم عالم روڈ گلبرگ III لاہور میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ الیکٹرونک وسائل شرکت کے لئے چیئرمین کا مقررہ ای میل ایڈریس جس پر باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے: sajjadahmad@pacepakistan.com

| | |
|---|---|
| نام شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| فولیو/ CDC شراکت/ انویسٹر آئی ڈی بمعہ ذیلی اکاؤنٹ نمبر | |
| تعداد ملکیتی حصص بمعہ فولیو نمبر | |
| شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (نقل لف کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور دستاویزات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |
| مجاز زیر دستخطی کا نام | |
| مجاز زیر دستخطی کا شناختی کارڈ/ پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (نقل لف کی جائے) | |

میں/ ہم مندرجہ ذیل کے متعلقہ باکس میں (✓) کا نشان لگا کر مندرجہ ذیل قرارداد پر اتفاق یا عدم اتفاق کا اظہار کر کے بذریعہ پوسٹل بیلٹ مندرجہ ذیل قرارداد کی بابت اپنا/ ہمارا ووٹ کا حق باضابطہ طور پر استعمال کرتا/ کرتے ہوں/ ہیں۔

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | تعداد عمومی حصص جس کے لئے ووٹ کاسٹ کیا گیا | میں/ ہم قرارداد/ قراردادوں سے اتفاق کرتے ہیں (حق میں) | میں/ ہم قرارداد/ قراردادوں سے عدم اتفاق کرتے ہیں (خلاف) |
|---|---|---|---|---|
| | خصوصی قرارداد | | | |
| 2 | کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو بمعہ علاوہ ترمیم زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا:<br>**"قرار پایا کہ:**<br>● اس نوٹس کے ساتھ منسلک مادی حقائق کے اعلامیہ میں بیان کردہ ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم کی شق شامل کرنے کے لئے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے۔<br>● اس بابت تمام تر تقاضوں کی تعمیل کے لئے چیف ایگزیکٹو، چیف فائننشیل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو علیحدہ یا مشترکہ طور پر یہاں باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔<br>● یہ کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مذکورہ بالا ترمیم حسب ضرورت درکار ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف سے مشروط ہے اور اس ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کے لئے اراکین کی دوبارہ منظوری درکار نہیں ہوگی۔ | | | |
| 3 | کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 83A اور کمپنیز (حصص کا مزید اجراء) ضوابط 2020ء کے تحت ایمپلائز اسٹاک آپشن اسکیم (ESOS) کے قیام کو زیر غور لانا اور مناسب سمجھنے پر منظور کرنا۔ اس اسکیم تحت تفویض شدہ آپشن کے ذریعے اہلیت کے حامل ملازمین بشمول ڈائریکٹرز اور آفیسرز کی گراں قدر خدمات کا اعتراف کرنے اور انہیں نوازنے کی خاطر کمپنی کے حصص حاصل کرنے کا موقع فراہم کرنے کے لئے یہ اسکیم تیار کی گئی ہے۔<br>**"قرار پایا کہ:**<br>i) بطور ضمیمہ منسلک ESOS کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے؛<br>ii) اہلیت کا پول ایک سال میں کمپنی کے اضافی ادا شدہ سرمایہ کے 10% تک اور بعد ازاں کسی بھی وقت کمپنی کے اضافہ ادا شدہ سرمایہ کے 25% تک محدود ہے؛<br>iii) ملازمین نشاندہی کے لئے ایک سال کے اندر آپشنز تفویض کرتے وقت کمپنی کے جاری وادا شدہ سرمایہ کے ایک فی صد (1%) سے زائد یا مساوی آپشنز کی تفویض کو باقاعدہ منظور کیا جاتا ہے؛<br>iv) ذیلی کمپنی یعنی پیس بارکہ پراپرٹیز لمیٹڈ کے ملازمین کے لئے آپشنز کی تفویض منظور کی جاتی ہے؛<br>v) اس بابت تمام تر تقاضوں کی تعمیل کے لئے چیف ایگزیکٹو، چیف فائننشیل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو علیحدہ یا مشترکہ طور پر یہاں باقاعدہ مجاز ٹھہرایا جاتا ہے۔ | | | |

**مندرجات:**

1. باقاعدہ پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین کے نام پیس پاکستان لمیٹڈ، فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور، پاکستان یا ای میل: sajjadahmad@pacepakistan.com پر بھیجا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی نقل لف کی جائے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم 09 فروری 2025ءکو شام 05:00 بجے تک چیئرمین کو پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد وصول بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کے لئے شمار نہیں کیا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ کے دستخط شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) پر موجود دستخط کے عین مطابق ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، پھٹے پرانے، دہرے لکھے ہوئے بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔
6. یہ پوسٹل بیلٹ پیپر پیس پاکستان لمیٹڈ کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے دستیاب ہے۔ شیئر ہولڈرز اخبار میں شائع یا ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے بیلٹ پیپر کا استعمال کر سکتے ہیں۔

________________________

نام شیئر ہولڈر/ شیئر ہولڈرز/ پراکسی ہولڈر/ ہولڈرز/ مجاز زیر دستخطی

(کاروباری ادارے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائی جائے)

مقام:.......................................... تاریخ:..........................................

# پراکسی فارم

| |
|---|
| فولیونمبر/CDCاکاؤنٹ نمبر: ______________ |
| ملکیتی حصص: ______________ |

کمپنی سیکریٹری
پیس (پاکستان) لمیٹڈ
فرسٹ کیپٹل ہاؤس
96-B/1، ایم ایم عالم روڈ،
گلبرگ-III، لاہور

میں/ہم............................................ولد/بنت/زوجہ............................................شناختی کارڈ نمبر............................................

بطوررکن (اراکین) پیس (پاکستان) لمیٹڈ مسمی/مسماۃ............................................ ولد/بنت/زوجہ............................................

شناختی کارڈ نمبر............................................یا اس/ان کی عدم حاضری پر مسمی/مسماۃ..............................ولد/بنت/زوجہ..............................شناختی

کارڈ نمبر..............................کو مؤرخہ 10 فروری 2025ء کو دن 11:00 بجے منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام یا مابعدنشست میں اپنی جانب سے ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرتا/کرتی/ کرتے ہوں/ہیں۔

مؤرخہ..............................2025ء کو میرے دستخط سے جاری ہوا۔

| |
|---|
| پچاس روپے کی<br>ریوینیو ٹکٹ چسپاں کریں |

______________
دستخط رکن
(دستخط کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)
مندرجہ ذیل کی موجودگی میں دستخط کئے گئے:

| | |
|---|---|
| ______________<br>**دستخط گواہ 1**<br>نام: ..............................<br>شناختی کارڈ:.............................. | ______________<br>**دستخط گواہ 2**<br>نام: ..............................<br>شناختی کارڈ:.............................. |

**مندرجات:**

1) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا/کی اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے/دوسری رکن کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

2) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہیئے۔

(a اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

(b پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہیئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔